# اشتہار برائے بھرتی پاکستان ریلویز پولیس

## کنٹریکٹ بیسز (Contract Basis)

عوم الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان ریلویز پولیس میں مختلف کیٹگریز کی آسامیوں کے لئے اہل امیدواران سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ خواہشمند امیدواران اپنی درخواستیں مجوزہ فارم پر پُر کر کے متعلقہ ایس پی ریلویز پولیس کے دفاتر میں بذاتِ خود، بذریعہ رشتہ دار یا بذریعہ ڈاک جمع کرواسکتے ہیں۔ درخواستیں جمع کروانے کی آخری تاریخ 01.10.2025 رات 12 بجے تک ہے بذریعہ ڈاک 01.10.2025 تک موصول ہونے والی درخواستیں قابل قبول ہونگی۔ نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستیں قابلِ قبول نہیں ہونگی۔

| پشاور ڈویژن | راولپنڈی ڈویژن | لاہور اور کشاپس ڈویژن مغلپورہ | ملتان ڈویژن | سکھر ڈویژن | کراچی ڈویژن | کوئٹہ ڈویژن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| صوبہ خیبر پختونخواہ کے تمام اضلاع ماسوائے ایبٹ آباد ہری پور<br><br>صوبہ پنجاب کے ضلع میانوالی اور اٹک<br>اور<br>گلگت بلتستان اور فاٹا صوبہ خیبر پختونخواہ کے اضلاع | اسلام آباد، راولپنڈی، جہلم، چکوال، سرگودھا، خوشاب، منڈی بہاؤالدین، مری، تلہ گنگ، آزاد کشمیر، گجرات (تحصیل گجرات والے نہیں)<br><br>صوبہ خیبر پختونخواہ کے ضلع ہری پور اور ایبٹ آباد | لاہور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، فیصل آباد، گوجرانوالہ، حافظ آباد، چنیوٹ، نارووال، سیالکوٹ، اوکاڑہ، قصور، ٹوبہ ٹیک سنگھ، وزیرآباد، گجرات (صرف تحصیل گجرات والے)۔ | ملتان، خانیوال، لودھراں، پاکپتن، ساہیوال، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان، رحیم یار خان، بہاولنگر، میانوالی (صرف تحصیل پپلاں)، لیہ، بھکر، وہاڑی، سرگودھا (صرف تحصیل سلانوالی)، جھنگ، مظفر گڑھ، کوٹ ادو، راجن پور۔ | سکھر، گھوٹکی، شکارپور، لاڑکانہ، شہید بے نظیر آباد (نواب شاہ)، خیرپور، سانگھڑ، نوشہروفیروز، دادو، جیکب آباد، ٹمیاری، کشمور (کندھ کوٹ)، قمبر علی خان (شہداد کوٹ)۔ | ساؤتھ کراچی، ویسٹ کراچی، ایسٹ کراچی، سینٹرل کراچی، ملیر، بدین، حیدرآباد، میرپور خاص، ٹھٹہ، دادو (صرف تحصیل سیہون شریف)، تھرپارکر، سانگھڑ (صرف تحصیل ٹنڈو آدم اور تحصیل کھپرو)، مٹھی، ٹنڈوالہ یار، عمرکوٹ، کورنگی، ٹمیاری (صرف تحصیل اوڈیرولال اور تحصیل اللہ ڈنو سانڈ)، ٹنڈو محمد خان، جامشورو۔ | صوبہ بلوچستان اور اس کے اضلاع کے تمام رہائشی۔ |
| دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس پشاور ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن پشاور<br><br>091-9212921 | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس راولپنڈی ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن راولپنڈی<br><br>051-9270877 | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس لاہور اور ورکشاپس ڈویژن (لاہور) 93 میکلوڈ روڈ لاہور اور (ورکشاپس) ڈی ایس آفس ریلوے ورکشاپس روڈ مغلپورہ<br><br>042-99205691 لاہور<br>042-99250088 ورکشاپس | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس ملتان ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن ملتان<br><br>061-9201169 | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس سکھر ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن سکھر<br><br>071-9310077 | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس کراچی ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن کراچی سٹی آئی آئی چندری گڑھ روڈ کراچی<br><br>021-99218234 | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس کوئٹہ ڈویژن زرغون روڈ کوئٹہ<br><br>081-9201760 |

## اہلیت برائے امیدواران

نوٹ: بلوچستان کی موجودہ صورتحال اور ملک کے دیگر علاقوں میں بڑھتی دہشت گردی کے پیشِ نظر، پاکستان ریلویز پولیس کی خالی آسامیوں میں سے 1000 آسامیوں پر درج ذیل تعداد کے مطابق مرد/خواتین/اقلیتی امیدواران کو ہی بھرتی کیا جائیگا۔

| نمبر شمار | کیٹگری | کم از کم قابلیت | کل آسامیاں | جسمانی معیار | عمر کی حد |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سب انسپکٹر لیگل<br>(BS-14) | لاء گریجویٹ | 05<br>مرد=5<br>خواتین=0<br>اقلیتی=0 | **برائے مرد:**<br>قد: کم از کم 5 فٹ 7 انچ۔<br>چھاتی: سینے کی چوڑائی 33"x34½ (پھیلاؤ 1½ انچ)<br>دوڑ (رننگ): 7 منٹ میں ایک میل۔<br>**برائے خواتین:**<br>قد: کم از کم 5 فٹ 2 انچ۔<br>دوڑ (رننگ): 10 منٹ میں ایک میل | 18 سے 30 سال<br>عمر کی بالائی حد میں مجوزہ سرکاری قانون کے مطابق 5 سال کی رعایت دی جاسکتی ہے۔ وہ امیدوار جن کی تاریخ پیدائش مورخہ 30.09.1990 سے 30.09.2007 کے درمیان (دونوں تواریخ بشمول) ہو درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ تاہم محکمانہ توسط (NOC) لے کر جمع کروانے والے امیدواران کی عمر کی بالائی حد میں رعایت ودیگر مروجہ قوانین کے مطابق ہوگی۔ |
| 2 | اے ایس آئی<br>(BS-9) | ایف اے/ایف ایس سی یا مساوی قابلیت | 81<br>مرد=69<br>خواتین=8<br>اقلیتی=4 | **برائے مرد:**<br>قد: کم از کم 5 فٹ 7 انچ۔<br>چھاتی: سینے کی چوڑائی 33"x34½ (پھیلاؤ 1½ انچ)<br>دوڑ (رننگ): 7 منٹ میں ایک میل۔<br>**برائے خواتین:**<br>قد: کم از کم 5 فٹ 2 انچ۔<br>دوڑ (رننگ): 10 منٹ میں ایک میل | 18 سے 25 سال<br>عمر کی بالائی حد میں مجوزہ سرکاری قانون کے مطابق 5 سال کی رعایت دی جاسکتی ہے۔ وہ امیدوار جن کی تاریخ پیدائش مورخہ 30.09.1995 سے 30.09.2007 کے درمیان (دونوں تواریخ بشمول) ہو درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ تاہم محکمانہ توسط (NOC) لے کر جمع کروانے والے امیدواران کی عمر کی بالائی حد میں رعایت ودیگر مروجہ قوانین کے مطابق ہوگی۔ |
| 3 | کانسٹیبل<br>(BS-5) | میٹرک C گریڈ یا زائد نمبر<br>نوٹ: اگر امیدوار نے میٹرک میں C گریڈ سے کم نمبر حاصل کیے ہیں لیکن اضافی تعلیمی ڈگری موجود ہے تو وہ اہل تصور ہوگا۔ | 914<br>مرد=789<br>خواتین=86<br>اقلیتی=39 | **برائے مرد:**<br>قد: کم از کم 5 فٹ 7 انچ۔<br>چھاتی: سینے کی چوڑائی 33"x34½ (پھیلاؤ 1½ انچ)<br>دوڑ (رننگ): 7 منٹ میں ایک میل۔<br>**برائے خواتین:**<br>قد: کم از کم 5 فٹ 2 انچ۔<br>دوڑ (رننگ): 10 منٹ میں ایک میل | 18 سے 25 سال،<br>عمر کی بالائی حد میں مجوزہ سرکاری قانون کے مطابق 5 سال کی رعایت دی جاسکتی ہے۔ وہ امیدوار جن کی تاریخ پیدائش مورخہ 30.09.1995 سے 30.09.2007 کے درمیان (دونوں تواریخ بشمول) ہو درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ تاہم محکمانہ توسط (NOC) لے کر جمع کروانے والے امیدواران کی عمر کی بالائی حد میں رعایت ودیگر مروجہ قوانین کے مطابق ہوگی۔ |
| | | کل آسامیاں | 1000 | -- | |

**بھرتی کوٹہ:** درج بالا آسامیوں کو خواتین اور اقلیتی کوٹہ کے مطابق تقسیم کر کے بیان کیا گیا ہے۔ ان کی مزید تقسیم بھی ذیل صوبائی کوٹہ کے مطابق ہوگی۔

(اوپن میرٹ 7.5%، پنجاب بشمول فیڈرل ایریا اسلام آباد 50%، سندھ 19%، (شہری علاقہ جات کراچی، حیدرآباد اور سکھر کا کوٹہ 19% میں سے 40% جبکہ دیہاتی علاقہ جات کراچی، حیدرآباد اور سکھر کے علاوہ 19% میں سے 60%)، خیبر پختونخواہ 11.5%، بلوچستان 6%، گلگت بلتستان 1%، فاٹا (خیبر پختونخواہ میں ضم ہونے والے اضلاع 3% اور آزاد کشمیر 2%)۔

## ہدایات برائے دوڑ (Running)

اہل خواتین امیدواروں کی دوڑ (Running) اور پیمائش قد مورخہ 05.10.2025 جبکہ اہل مرد امیدواروں کی دوڑ (Running)، جسمانی ٹیسٹ قد/چھاتی مورخہ 07.10.2025 تا 10.10.2025 تک درج ذیل جگہوں پر لیا جائیگا۔

| پشاور ڈویژن | راولپنڈی ڈویژن | لاہور / ورکشاپس ڈویژن مغلپورہ | ملتان ڈویژن | سکھر ڈویژن | کراچی ڈویژن | کوئٹہ ڈویژن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پاکستان لوکوموٹیو فیکٹری رسالپور | ریلوے گراؤنڈ کیرج فیکٹری ڈسٹرکٹ اسلام آباد | **دوڑ/قد پیمائش خواتین:** پاکستان ریلوے اکیڈمی والٹن لاہور **دوڑ برائے مرد امیدواران:** پاکستان ریلوے اکیڈمی والٹن لاہور **قد، چھاتی پیمائش برائے مرد امیدواران:** ریلوے صغیر پولیس لائن 93 میکلوڈ روڈ لاہور | **دوڑ:** سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی فیز II نزد پل بلبل نشتر II شجاع آباد روڈ ملتان **قد، چھاتی پیمائش:** لئیق ریلوے پولیس لائن ملتان کینٹ | **دوڑ:** کھیر تھر کینال روڈ سکھر **قد، چھاتی پیمائش:** SRP آفس سکھر | **دوڑ:** ریڈیو پاکستان گراؤنڈ نزد ریلوے اسٹیشن لانڈھی **قد، چھاتی پیمائش:** SRP آفس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سٹی | **دوڑ:** ایوب سٹیڈیم کوئٹہ **قد، چھاتی پیمائش:** حبیب ریلوے پولیس لائن کوئٹہ |

## ہدایات برائے تحریری امتحان (Written Test)

جسمانی ٹیسٹ (Physical Measurement) میں کامیاب ہونے والے مرد/خواتین امیدواروں کا تحریری امتحان (Written Test) مورخہ 19.10.2025 بروز اتوار کو لیا جائیگا تاہم تحریری امتحان کے لئے رول نمبر سلپ جسمانی ٹیسٹ پاس کرنے والے دن ہی مرد/خواتین امیدواروں کو جاری کی جائیگی جس میں امتحانی مرکز کا نام تحریر ہوگا۔

| پشاور ڈویژن | راولپنڈی ڈویژن | لاہور / ورکشاپس ڈویژن مغلپورہ | ملتان ڈویژن | سکھر ڈویژن | کراچی ڈویژن | کوئٹہ ڈویژن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تحریری امتحان پشاور میں لیا جائیگا | تحریری امتحان راولپنڈی میں لیا جائیگا | تحریری امتحان لاہور میں لیا جائیگا | تحریری امتحان ملتان میں لیا جائیگا | تحریری امتحان سکھر میں لیا جائیگا | تحریری امتحان کراچی میں لیا جائیگا | تحریری امتحان کوئٹہ میں لیا جائیگا |

## ہدایات برائے انٹرویو (Interview)

سب انسپکٹر لیگل اور ASI کی آسامیوں پر تحریری امتحان (Written Test) میں کامیاب ہونے والے امیدواروں کا انٹرویو (Interview) بمقام پاکستان ریلویز پولیس سینٹرل پولیس آفس، 93 میکلوڈ روڈ لاہور پر لیا جائے گا جبکہ کانسٹیبل کی آسامیوں پر تحریری امتحان (Written Test) میں کامیاب ہونے والے مرد/خواتین امیدواروں کو انٹرویو درج ذیل جگہوں میں لیا جائیگا۔

| پشاور ڈویژن | راولپنڈی ڈویژن | لاہور / ورکشاپس ڈویژن مغلپورہ | ملتان ڈویژن | سکھر ڈویژن | کراچی ڈویژن | کوئٹہ ڈویژن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| SRP آفس پشاور نزد ریلوے اسٹیشن پشاور | ریلوے صغیر پولیس لائن 93 میکلوڈ روڈ لاہور | | | SRP آفس کراچی، II چندری گڑھ روڈ کراچی | | SRP آفس کوئٹہ، نزد زرگون روڈ کوئٹہ |

## ہدایات برائے امیدواران

i) خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم پاکستان ریلویز پولیس کی ویب سائٹ https://pakrailwayspolice.gov.pk، پاکستان ریلویز کی ویب سائٹ www.pakrail.gov.pk سے حاصل کر سکتے ہیں۔

ii) درخواست فارم معہ تمام کاغذات تصدیق شدہ (تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، کریکٹر سرٹیفکیٹ تین عدد کاپیاں)، حلف نامہ و 9 عدد تصاویر اور 2 عدد ڈاک کے لفافے معہ مکمل نام، پتہ اور فون نمبر و ای۔میل (E-mail) قلمی تحریر کر کے ساتھ منسلک کریں۔ تاکہ اہل امیدوارن کو دیگر بھرتی مراحل کی اطلاع بروقت دی جا سکے۔

iii) امیدوار تمام کاغذات کے ساتھ -/1000 روپے کا پوسٹل آرڈر بنام اے آئی جی ایڈمن، پاکستان ریلویز پولیس لف کریں جو کہ نا قابل واپسی/ نا قابل انتقال ہوگا۔ پوسٹل آرڈر کی پشت پر امیدوار اپنا شناختی کارڈ نمبر درج کرے۔ پوسٹل آرڈر کے بغیر کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

iv۔ درخواستیں مندرجہ ذیل مقامات پر جمع ہوں گی۔

| پشاور ڈویژن | راولپنڈی ڈویژن | لاہور / ورکشاپس ڈویژن مغلپورہ | ملتان ڈویژن | سکھر ڈویژن | کراچی ڈویژن | کوئٹہ ڈویژن |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس پشاور ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن پشاور | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس راولپنڈی ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن راولپنڈی | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس لاہور اور ورکشاپس ڈویژن (لاہور) 93 میکلوڈ روڈ لاہور اور (ورکشاپس) ڈی ایس آفس ریلوے ورکشاپس روڈ مغلپورہ | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس ملتان ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن ملتان | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس سکھر ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن سکھر | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس کراچی ڈویژن نزد ڈی ایس آفس ریلوے اسٹیشن کراچی سٹی آئی آئی چندری گڑھ روڈ کراچی | دفتر سپرنٹنڈنٹ ریلویز پولیس کوئٹہ ڈویژن ذرغون روڈ کوئٹہ |

v) امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

vi) جسمانی (Physical) ٹیسٹ میں قد/چھاتی کی پیمائش، دوڑنے کی رفتار و سکت وغیرہ شامل ہیں۔ امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ دوڑ (رننگ) کے ٹیسٹ کے لئے ہمراہ پانی کی بوتل اور رننگ شوز پہن کر آئیں۔

vii) جسمانی ٹیسٹ میں پاس ہونے والے امیدواران کو تحریری امتحان میں بیٹھنے کی اجازت ہوگی۔ تحریری امتحان متعلقہ آسامی کی اہلیت/ تعلیمی معیار کے مطابق معروضی یا انشائیہ طرز کا محکمانہ طور پر لیا جائے گا۔ تحریری امتحان میں کامیابی کی صورت میں انٹرویو کے لئے میرٹ پر شارٹ لسٹڈ امیدواران کو بلایا جائے گا۔ ناجائز ذرائع یا سیاسی اثر و رسوخ استعمال کرنے پر امیدوار نا اہل تصور ہوگا۔

viii) سرکاری و نیم سرکاری ملازمین بشمول ریلویز ملازمین اپنی درخواست محکمانہ توسط (NOC) لے کر جمع کروائیں اور عمر کی بالائی حد میں رعایت دیگر مروّجہ قوانین کے مطابق ہوگی۔

ix) محکمانہ ریکروٹمنٹ بورڈ (DRB) انٹرویو کے وقت امیدواران کا دوبارہ جسمانی معیار کا ٹیسٹ لے سکتا ہے اور کسی بھی خامی کی صورت میں امیدوار پاکستان ریلویز پولیس میں بھرتی کے لئے نا اہل قرار دیا جائے گا۔ بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا جو کہ کسی بھی فورم پر چیلنج نہیں ہوگا۔

x) امیدوار کو ایک مرحلہ (سٹیج) پاس کرنے پر اگلے مرحلہ کے لئے اہل قرار دیا جائے گا۔ امیدوار کسی بھی مرحلہ میں ناکامی کی صورت میں اگلے مرحلے کے لئے نا اہل ہوگا۔

xi) ہر اہل امیدوار کو دوڑ، فیزیکل ٹیسٹ، تحریری امتحان کی علیحدہ اطلاع نہ دی جائے گی تاہم انٹرویو کی اطلاع بذریعہ موبائل فون، ای۔میل اور بذریعہ ڈاک کال لیٹر اطلاع بروقت دی جائے گی۔ تاہم موبائل فون اور ای۔میل پر اطلاع ملنے کے بعد بذریعہ ڈاک کال لیٹر لیٹ موصول ہونے کا عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

xii) فائنل سلیکشن کے وقت امیدواران کا ڈویژنل میڈیکل آفیسر ریلویز کی جانب سے **مکمل میڈیکل معائنہ کیا جائے گا۔ دوران میڈیکل امیدواران کا ڈرگ ٹیسٹ بھی کروایا جائے گا جس کی فیس امیدوار خود ادا کرے گا۔** میڈیکل چیک اَپ کے دوران جن امیدواران میں ہیپاٹائٹس B-C، ڈرگ یا کسی دائمی/موذی بیماری کے آثار پائے گئے تو ایسے امیدواران کو نا اہل قرار دیا جائے گا۔

xiii) جسمانی ٹیسٹ، تحریری ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے آنے جانے پر کسی قسم کے اخراجات (T.A/D.A) کی ادائیگی نہیں کی جائیگی۔

xiv) تمام امیدواران کو مجوزہ فارم کیساتھ منسلک بیان حلفی بھی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی FIR یا مقدمہ میں نامزد/ملوث یا مطلوب نہ ہیں۔

xv) درخواست فارم میں دیئے گئے کوائف کیمطابق اصل دستاویزات کی تصدیق کی جائے گی اگر کسی بھی مرحلے پر دستاویزات جعلی/بوگس یا اور کوئی کوائف غلط پائے گئے تو امیدوار (چاہے تعیناتی ہو چکی ہو) کو نا اہل قرار دیا جائے گا۔

xvi) بھرتی ہونے والے امیدوار کو متعلقہ آسامی کیلئے Mandatory Course پاس کرنا لازم ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں ملازمت سے برخاست کیا جائے گا۔

xvii) منتخب ہونے والے امیدوار کو پاکستان ریلویز پولیس میں کہیں بھی تعینات کیا جا سکتا ہے۔

xviii) اگر اصل امیدوار کی بجائے کوئی دیگر شخص دھوکہ دہی سے امتحانی عمل میں حصہ لے گا تو وہ نا اہل تصور ہوگا۔

xix) درجہ بالا پیرا نمبرز xiv, xv, xviii کی خلاف کی ورزی کرنے والے اور اس کے معاون کے خلاف قانونی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

xx)۔ بینڈ انسٹرومنٹس کا تجربہ رکھنے والے امیدواران کو پاکستان ریلوے پولیس کے بینڈ سٹاف میں مامور کیا جا سکتا ہے۔

(اے آئی جی ایڈمنسٹریشن)
پاکستان ریلویز پولیس
سینٹرل پولیس آفس لاہور